رسالہ برائے ضروریات طریقہ ہائے عالیہ نقشبندیہ
چشتیہ، قادریہ سہروردیہ



معمولات سیفیہ

مرتب

حضرت پیر ابو سالم
محمد اکرم شاہ سیفی مُدِظلّہٗ



شعبہ نشرواشاعت
مکتبہ سیفیہ مجدّدیہ

عالمِ امر اور عالمِ خلق

عالمِ امر: عالم امر سے مراد ترکیبِ عناصر سے خالی جن کو صرف کُن کے اشارے سے پیدا کیا گیا ہے۔ عالمِ امر کا اطلاق امرِ کُن سے پیدا ہونے والی تمام مخلوق پر بھی ہوتا ہے جیسے انسانی روحیں۔ لطائف مجردہ۔ عالم امر عرش کے اوپر ہے۔ یہ عالم بغیر مادے کے پیدا کیا گیا ہے۔ عالمِ امر کے پانچوں لطائف یعنی قلب، روح، سِر، خفی اور اخفیٰ کی اصل جڑ عرش کے اوپر ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے امرِ کے ان پانچوں لطائف کو چند جگہ انسان کے جسم امانت رکھ دیا ہے۔ تا کہ انسان ذکرِ الٰہی کے ذریعہ ان پانچ لطائف کے کمالات سے فیض یاب ہو سکے اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر سکے۔

عالمِ امر کو عالم غیب، عالم ارواح، عالم لاہوت، اور عالم

حیرت سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ ان سب کے مجموعے کو عالمِ مجرّ
دہ ذات بھی کہتے ہیں۔ آیۃ کریمہ: اَلاَ لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ
میں اس عالمِ وخلق کی طرف اشارہ ہے۔

عالمِ خلق: مادہ عناصر اربعہ سے پیدا ہونے والی مخلوقات کو عالمِ
خلق سے یاد کرتے ہیں۔ جیسے فلکیات وارضیات وغیرہ۔ یہ
پانچوں لطائف نفس، ہوا، پانی، آگ اور مٹی سے مرکب ہیں۔
عالمِ خلق، عرش کے نیچے سے لے کر تحت الثریٰ تک ہے۔ عالمِ
خلق کے پانچوں لطائف کی جڑ عالم کے پانچوں لطائف ہیں،
یعنی نفس کی جڑ قلب، ہوا کی جڑ روح، پانی کی جڑ، آگ کی
جڑ خفی اور خاک کی جڑ اخفیٰ ہے۔

عالم خلق کو عالم اسباب، عالم اجسام، عالم شہادت، اور
عالم ناسوت کے ناموں سے بھی پکارا جاتا ہے۔ ان سب کے
مجموعے کو عالم معادیات بھی کہتے ہیں۔

3

نقشہ لطائف سبعہ

نمبر شمار	نام لطیفہ	رنگ نور	زیر قدم	مقام
1	قلب	زرد	حضرت آدم علیہ السلام	بائیں پستان کے نیچے دو انگشت کے فاصلے پر۔ داخل سینہ
2	روح	سرخ	حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام	دائیں پستان کے۔ نیچے دو انگشت مائل بہ پہلو
3	سر	سفید	حضرت موسیٰ علیہ السلام	بائیں پستان کے برابر اوپر سینہ کی طرف
4	خفی	سیاہ	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	دائیں پستان کے برابر اوپر سینہ کی طرف
5	اخفیٰ	سبز	حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ	وسط سینہ۔ سر اور خفی کے درمیان
6	نفسی	خاک جیسا	-----------	سر کے بالوں کی جڑوں کے نیچے منبت الشعر
7	قالبی	آتش نما	-----------	وسط دماغ

اسباق طریقہ عالیہ نقشبندیہ سیفیہ

لطائف کا مختصر تعارف اور ان کی تاثیر

1-لطیفۂ قلب:

ماسوا اللہ تعالیٰ کے نسیان اور ذات حق کے ساتھ محویت اس کی تاثیر ہے۔لطیفہ کا حرکت کرنا دفع غفلت اور دفع شہوت ہے۔

2-لطیفۂ رُوح:

لطیفۂ روح پر اسم ذات کی تجلی صفات کا ظہور اور اس کا حرکت کرنا اور غصہ وغضب کی کیفیت میں اعتدال اور طبیعت میں اصلاح وسکون ہے۔

3-لطیفہ سِر:

دینی امور کے معاملے میں بلا تکلیف مال خرچ کرنے اور فکر دینی کی بیداری ہے۔ اس لطیفہ پر اللہ تعالیٰ کے صفات کے شیونات واعتبارات کا ظہور اور لطیفہ سِر کا حرکت کرنا ہے۔ یاد رہے کہ یہ مشاہدہ اور دیدار کا مقام ہے۔ اس کی تاثیر تمام حرص کے خاتمے نیز دینی امور کے معاملے میں بلا تکلیف مال خرچ کرنے اور فکرِ آخرت کی بیداری ہے۔

4-لطیفہ خفی

اس لطیفہ پر صفات سلبیہ تنزیہہ کا ظہور اور لطیفہ کا حرکت کرنا (یعنی جاری ہو جانا اور عجیب وغریب احوال کا ظہور)۔ اس کی تاثیر حسد، بخل، کینہ وغیبت جیسی امراض سے نجات ہو جانا ہے۔

5-لطیفہ اخفیٰ:

مرتبہ تنزیہہ اور مرتبہ احدیّت مجردہ کے درمیان ایک برزخی مرتبے کے ظہور و شہود سے وابستہ ہے۔ اور یہ ولایتِ محمدیہ ﷺ کا مقام ہے۔ اس کی علامت بلا تکلیف ذکر کا جاری ہونا اور قربِ ذات کا احساس و شہود ہے۔ اس کی تاثیر تکبر، فخر وغرور اور خود پسندی جیسی مہلک روحانی امراض سے آزادی پانا ہے۔ اور حضور و اطمینان کا حصول ہے۔

6-لطیفہ نفسی

یہ عالم خلق کا پہلا لطیفہ ہے۔ اس کی تاثیر نفسیات اور سرکشی کا مٹ جانا ہے۔ عجز و انکساری کا مادہ پیدا ہونا اور ذکر میں ذوق و شوق کا بڑھ جانا ہے۔

7-لطیفہ قالبی:

یہ عالم خلق کا دوسرا لطیفہ ہے۔ لیکن در حقیقت یہ

لطائفِ اربعہ یعنی ہوا، پانی، آگ، مٹی پر مشتمل ہے۔ اس کی
تاثیر تمام بدن یعنی بال بال میں ظاہر ہوتی ہے۔ رذائل بشریہ
اور علائقِ دینویہ سے مکمل رہائی پالینے سے ظاہر ہوتی ہے۔ یاد
رہے کہ یہ کیفیت فنا لطائف حاصل ہونے کے بعد حاصل
ہو جاتی ہے۔

★ ★ ★ ★ ★ ★

طریقہ نفی اثبات

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں)

نفی اثبات شروع کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے:

اِلٰهِیْ اَنْتَ مَقْصُوْدِیْ وَرِضَاكَ مَطْلُوْبِیْ اَعْطِنِیْ مَحَبَّةَ ذَاتِكَ وَمَعْرِفَتَ صِفَاتِكَ

اس کی راہ کے سالک کے لئے ضروری ہے کہ جب وہ نفی اثبات کی مشق کرنے لگے تو اپنی زبان کو منہ کے اوپر والے حصّے یعنی تالوں کے ساتھ پیوست کر لے۔ دونوں لب آپس میں ملا لے۔ اوپر اور نیچے کے دانت بھی ملائے اور حبس دم (یعنی سانس کو بند) کر ڈالے۔ **لَا** کا کلمہ ناف سے سر کی آخری حد یعنی قالبی تک تصور کے ساتھ بذریعہ سانس کھینچے اور **اِلٰهَ** کا کلمہ پورے خیال کے ساتھ دائیں کندھے پر لے جائے اور اس جگہ

سے اِلَّا اللّٰہُ کی ضرب پورے خیال کے ساتھ دل (یعنی قلب) پر لگائے۔ یہاں تک کہ ذکر کی حرارت کا تمام اثر عالمِ امر کے لطائف میں ظاہر ہو۔ جب سانس میں دِقت محسوس کرے تو سانس کے طاق پر خالی کردے۔ یعنی اگر وہ جس دم میں نفی اثبات کا ذکر دس مرتبہ کرچکا ہے اور سانس میں تنگی محسوس کرنے لگا ہے تو گیارہ پر سانس کو خالی کردے۔ اور **مُحَمَّد رَسُوْلُ اَللّٰہ** کا خیال کرے یعنی خیال سے ادا کرے۔ (محمد ﷺ کا بمثل مہر دل پر تصور کرے)۔ پھر اس طرح نفی اثبات کا ذکر کرتا رہے۔

جب کلمہ **لا** کہے تو ان چار معنوں میں سے کسی ایک کی نفی خیال دل میں پختہ رکھے:

1- **لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ** (کوئی معبود نہیں مگر اللہ)

2- **لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہ** (کوئی مقصود نہیں مگر اللہ)

3- لَا مُوجُودَ اِلَّا اللّٰه (کوئی موجود نہیں مگر اللہ)

4- لَا مَطلُوبَ اِلَّا اللّٰه (کوئی مطلوب نہیں مگر اللہ)

کچھ عرصہ کی مشق کے بعد اس کے معنی دل میں پختہ ہو جائیں گے۔

مراقبات:

مراقبہ، ترقب سے مشتق ہے۔ اور اس کی معنی ہے فیض کا انتظار کرنا۔ اس میں چونکہ اللہ تعالیٰ کی فیض کا انتظار کیا جاتا ہے اس لئے اس کو مراقبہ کہتے ہیں۔ رازِ الٰہی کے وقوف حاصل کرنے کے لئے آنکھ، کان اور لب کو بند کرنا پڑتا ہے۔

چشم بند و لب وبند - گر نہ بینی سِرّ حق بر من بخند

ترجمہ: اپنی آنکھیں، کان اور لبوں کو بند کرلے (اور محوِ انتظار ہو جا) اگر تجھے رازِ الٰہی نظر نہ آئے تو مجھ پہ ہنس لینا۔ (یعنی مجھے برا بھلا نہ کہنا)۔

معمولات مظہریہ میں ہے کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں
مراقبہ یہ ہے کہ پہلے آنکھ بند کر کے لطائف عشرہ میں سے
کسی ایک لطیفہ کے طرف متوجہ ہونا چاہیئے اور باری تعالیٰ جل
جلالہ کی جانب سے اس لطیفہ پر فیض کا انتظار کرنا چاہیئے۔

وقال رسول اللہ ﷺ الاحسان ان تعبد واللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک (رواہ مسلم، احفظ اللہ تجاھک رواہ احمد ترمذی)

ترجمہ: اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ احسان یہ ہے کہ
اللہ تعالیٰ کی عبادت ایسے کرو کہ گویا تم اسے دیکھ رہے ہو۔ اور اگر
اس کو نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ کا
دھیان رکھو اپنے مقابل پاؤ گے۔

مذکورہ حدیث کے یہ الفاظ مراقبہ کی صاف اور واضح
دلیل ہیں۔ اس بات کا ہر دم دھیان رکھنا کہ خدا ہم کو دیکھ رہا

ہے اس کی جانب سے مراقبہ ہے۔ حضرت خواجہ باقی باللہ کے فرزندار جمند نے اپنی کتاب فوائح میں فرمایا۔ "مراقبہ یہ ہے کہ اپنی طاقت وقوت اور اپنے احوال واوصاف سے منہ پھیر کے جمال الٰہی کا شوق پیدا کرنا اور اس کے عشق ومحبت میں غرق ہو کر خداوند تعالیٰ کے انتظار میں متوجہ ہو جانا۔"

ہمارے امام قبلہ حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبندیہ نے فرمایا:

"مراقبہ کا یہ طریق تمام راستوں سے زیادہ قریب ہے۔"

مراقبہ کا ثبوت بہت سی آیتوں اور آحادیث سے ثابت ہے قرآن مجید میں ہے:

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ

(اپنے رب کو یاد کر جب اس کو بھول جائے۔)

مراقبہ تمام سلاسل کے بزگوں کا معمول ہے۔ بالخصوص حضراتِ نقشبندیہ بہت ہی اہم سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ عبارت

مذکورہ بالا سے ظاہر ہوا کہ خدا تک رسائی کے لئے یہ راستہ تمام راستوں سے زیادہ قریب ہے۔ چنانچہ علامہ ابوالقاسم قشیری نے اپنے رسالہ میں زیر حدیث مذکورہ فرمایا: "شیخ کا ارشاد ہے کہ نبی مکرم ﷺ کا یہ فرمان کہ اگر تو اس کو نہیں دیکھتا تو وہ تجھ کو دیکھتا ہے یہ حالت مراقبہ کی طرف اشارہ ہے۔" مراقبہ یہی ہے کہ بندہ یقین رکھے کہ رب سبحانہ وتعالیٰ اس کے ہر حال کو جانتا ہے۔ بندہ ہر دم اور ہر حال میں اس کا علم ویقین رکھے۔ یہی بندہ کے لئے ہر خیر اور نیکی کی جڑ ہے۔

مراقبہ اور مراقبات کی شرائط:

یہ مراقبات اس وقت تجویز ہوتے ہیں جبکہ مراقب (مراقبہ کرنے والا) مرشد کامل ومکمل کی صحبت میں رہ کر لطائف عالم امر اور عالم خلق کی تکمیل کرلے، ذکر الٰہی جاری

ہو چکا ہو اور نفی اثبات کا جس طرح کے ضروری یہ عامل ہو۔ اس کے بعد مراقبات شروع کرے۔ یہ مراقبات ہر اس شخص کے لئے مفید ہیں جو اہل سنت و جماعت ہے۔ اور ہر طرح سے تائب ہو کر مرشدِ کامل و مکمل سے اجازت حاصل کر چکا ہے۔

1- وقت مراقبہ کامل طہارت جو اور بجمیع خاطر اس طرح فیضان الٰہی کی طرف متوجہ ہو کہ سوائے اصل کے اور کسی طرح میلان نہ ہو۔

2- ہر مراقبہ میں توقفِ ایام یعنی دنوں کی تعداد مرشد موصوف کے حکم پر موقوف ہے۔

3- ہر مراقبہ کی ایک کیفیت اور آثار ہوتے ہیں مراقب کو چاہیئے کہ سنن اور آداب طریقت کی پیروی (متابعت) کے خلاف نہ کرے تا کہ اس کی چاشنی اور کیفیت کو پالے اور اس

سلسلہ میں از حد کوشش کرے۔ نیز اگر کچھ اس سے معدوم ہو جائے تو اپنی کوتاہیوں کی طرف متوجہ ہو۔

4- مراقبہ کے وقت بیٹھا رہے۔ اگر نیند کی حالت طاری ہو تو تجدید وضو کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ مراقبہ میں کیفیت نیند بھی ہے۔ جیسا کہ علامہ بحر العلوم نے شرع فقہ اکبر میں کرامات اولیاء میں تحریر کیا ہے اور تفصیل بھی اسی مقام پر ہے۔

5- جو کیفیات / واقعات حالت مراقبہ میں مراقب پر ظاہر ہوں وہ اپنے مرشد گرامی کی حضور عرض کرے۔ بالخصوص عالم امر کے ظہور میں کہ اس مقام پر مشابہت بیچونیت کو دیکھے گا۔ اپنے آپ کو اس صورت میں دیکھ کر فریفتہ نہ ہو کیونکہ بہت سے سادہ لوح حضرات اس وادی میں سوئے ہوئے ہیں۔ (یعنی اس مقام پر رہ گئے ہیں)۔

6- مراقبت کو چاہیئے کہ جن ایام کی گنتی پر معمور ہو اس میں

غفلت اور سستی نہ کرے۔ ہر طالب حق کو چاہیئے کہ حتی
الامکان کوشش کر کے مراقبات کی نیت کو یاد کر لے۔ اور
مشائخ کے طریقہ کو کسی وقت بھی ہاتھ جانے نہ دے کیونکہ
طریقت، فقط جبہ اور دستار کا نام نہیں۔ مشائخ کا طریقہ اپنا کر اپنی
منزل کی ضروریات اور اس کے تقاضوں کی پہچان کرے۔ ہر
جاہل، غافل اور سست انسان بزرگی اور اقبال کے لائق نہیں ہوتا
۔ سالک کی تسلیک شیخ کامل و مکمل کے ساتھ مربوط ہے۔ اگر
مراقبہ کرنے والا ایسا ہو کہ اسے حیاتِ لطائف کی اطلاع ہی نہ ہو
تو اس کی مثال ایسی ہے **كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا**۔

7- طالب کو چاہیئے کہ مرشد کے فیض اور توجہ کا ہر دم انتظار
کرے۔ بلکہ مرشد کی توجہات سے پورا پورا فائدہ اٹھائے تا کہ
مراقبہ معیت سے حاصل ہونے والے ولایت صغریٰ کے
دائرے کو تیزی سے عبور کر سکے ورنہ یہ مقام نہایت دشوار

گزار ہے۔ ہزاروں سلوک کے راہی اس وادی میں رک کر اپنی ترقی کی منزلیں کھو بیٹھے ہیں اور اپنے آپ کی اور اپنے عروج کی کچھ خبر نہیں رکھتے۔ اور وحدت الوجود کے قائل اس مقام میں انا الحق اور تمام شطحیات کے اقرار میں مبتلا ہوئے ہیں۔

اس مقام پر مرشد کامل و مکمل کی توجہات اکثیر اعظم کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ خاص طریقے سے اس مقام سے سلوک طے کروا کے ولایتِ اکبریٰ کی دائرے میں شامل کر دیتی ہے۔ اور طالب اپنی تیز رفتاری پر حیران رہ جاتا ہے۔

8- مراقبات شریفہ کی نیت فارسی میں یاد کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ نے ان مراقبات کی نیت فارسی میں مقرر فرمائی ہے۔ نیز دوسری زبان اختیار کرنے سے الفاظ بدل جانے اور فیض ختم ہو جانے کا اندیشہ اور ترقی رک جانے کا خدشہ ہے۔

نیت وقوف مراقبات:

(۱) نیت وقوف مراقبۂ قلب:

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ قلبی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف........... روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ قلبی میں فیض آتا ہے۔

(۲) نیت وقوف مراقبۂ روح :

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ روحی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف........... روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ روح میں فیض آتا ہے

(۳) نیت وقوف مراقبۂ سِرّ :

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ سِرّی من بواسطۂ

پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف..........روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ "سِرّ" میں فیض آتا ہے۔

(۴) نیت وقوف مراقبۂ خفی:

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ خفی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف..........روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ خفی میں فیض آتا ہے۔

(۵) نیت وقوف مراقبۂ اخفیٰ:

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ اخفیٰ من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف..........روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ اخفیٰ میں فیض آتا ہے۔

(٦) نیت وقوف مراقبۂ نفسی :

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.......... روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ نفسی میں فیض آتا ہے۔

(٧) نیت وقوف مراقبۂ قالبی:

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ قالبی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.......... روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفۂ قالبی میں فیض آتا ہے۔

(٨) نیت وقوف مراقبۂ خمسۂ عالمِ امر:

فیض می آید از ذات بیچوں بلطیفۂ خمسۂ عالمِ امر من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.......... روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے عالمِ امر کے پانچوں لطائف میں فیض آتا ہے۔

(۹) نیت وقوف مراقبہ خمسہ عالمِ خلق:

فیض می آید از ذات بے چوں بلطائف عالمِ خلق من واسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف..........روز)

ترجمہ: ذات حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے عالمِ خلق کے پانچوں لطائف میں فیض آتا ہے۔

(۱۰) نیت وقوف مراقبہ مجموعہ لطائف عالمِ امر وعالمِ خلق:

فیض می آید از ذات بے چوں بہ مجموعۂ لطائف عالم امر وعالم خلق من واسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

(توقف..........روز)

ترجمہ: ذاتِ حق کی جانب سے پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے عالمِ امر اور عالمِ خلق کے تمام لطائف میں فیض آتا ہے۔

(۱۱) نیت وقوف مراقبۂ احدیّت:

فیض می آید از ذات بیچوں کہ جمیع صفات و کمالات است و منزہ جمیع عیوب و نقصانات است و بے مثل است بہ لطیفہ قلبی من واسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.......... روز)

ترجمہ: ذاتِ حق جو جمیع صفات کمالات کی جامع ہے اور جمیع عیوب و نقائص سے پاک ہے۔ اور بے مثل ہے، کی جانب سے پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفہ قلبی میں فیض آتا ہے۔

[اس مقام پر سالک خدا کے ساتھ جاہ جلال اور اس کے

تقدس کا احترام کرتا ہے۔ اور یہ اسماء کی ظلی سیر کہلاتی
ہے۔ ان میں ہر وقت تصور اسم ذات (اللہ) رہتا ہے۔ اسم
ذات، نفی اثبات، بازگشت، واسطہ، مراقبہ، احدیت، یہ تمام
دائرۂ امکان سے تعلق رکھتے ہیں۔ سالک کے ہر ایک لطیفہ امر
میں ایک جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اور عروج حاصل کرتا ہے۔ جو
کچھ کہ مافوق العرش ہے، واصل ہو جاتا ہے۔ اور وہ اس قدر
مضمحل اور منہمک ہو جاتا ہے کہ اپنے آپ کو فانی اور معدوم
سمجھتا ہے۔ دائرۂ امکان کے عبور کرنے کے بعد دائرہ صغریٰ
(جو کہ دائرۂ ثانی ہے) میں سفر کرنا ہوتا ہے۔ توجہ مرشد سے
اس مراقبہ کے تمام ہونے کی علامت یہ ہے کہ خطرۂ ماسوا اللہ
دیر تک نہ آئے۔

خطرہ کی کئی قسم ہیں۔ ان میں بعض وہ خطرات جن
کا دور کرنا طالب کو ضروری ہے یہ ہیں:

(ا) خطرہ قلبی: اس کا علاج یہ ہے کہ ذکر بہت زیادہ کرے اور خواب یا بیداری کسی وقت بھی ذکر سے غافل نہ رہے۔

جیسا کہ خداوند تعالیٰ نے فرمایا ہے: فَاذْكُرُوا اللهَ قِيٰماً وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِكُمْ اللہ تعالیٰ جو ہر حالت میں یاد کرتا رہے۔ اغیار سے تنہائی اور یکسوئی رکھے اور غذا کم کھائے۔

(ب) خطرہ نفسی: اس کا علاج یہ ہے کہ حبس دم کے ساتھ نفی اثبات کی کثرت رکھے۔ اور نفسانی امور میں نفس کشی کی مخالفت کرے۔ نیز ذکر خفی اور مراقبہ کی مداومت کے ساتھ جناب احدیت میں بہت گریہ زاری کرے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعاً وَّخِيفَةً (یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا)۔

(ج) خطرہ قالبی: اس کا علاج تہلیل لسانی اور نوافل کی کثرت ہے خصوصاً نوافل مسنونہ۔ اور باوجود اس تمام ذکرو

فکر کے پیر کامل کی توجہ ہر جگہ ضروری ہے۔ بغیر اس کے کوئی کام پورا نہیں ہوتا۔ بعض طالبین کو اس مراقبہ میں انوار وغیرہ نظر آتے ہیں تو یہ مراقبہ کی علامت ہے۔ جو طالب کامل استعداد رکھتا ہے اس کو مراقبات قالبیہ میں فنائے قلب حاصل ہو جاتی ہے۔ اور تمام تعلقات قلبی زائل ہو جاتے ہیں۔ اکثر طالبین ایسے ہوتے ہیں جن کو فنائے قلب، مراقبات نفس تک حاصل ہوتی ہے۔ ہاں اگر شیخ کامل و مکمل چاہے تو اس کی ادنیٰ توجہ سے فنائے قلب، مراقبات قلبی تک حاصل ہو جاتی ہے۔ اور مراقبات نفس کی نوبت نہیں آتی۔]

نیت اصول مراقبات:

(نوٹ: اصل مراقبات کی نیت کے وقت اپنے لطائف کو حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو خیال کرے)۔

(۱۲) نیت مراقبہ اصل قلب:

الٰہی قلب من بمقابل نبی علیہ السلام است۔ آں فیض تجلائے صفات فعلیہ خود کہ از قلب نبی علیہ السلام بقلب آدم علیہ السلام رسانیدہ بقلب من نیز برساں بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف............روز)

ترجمہ: الٰہی میرا لطیفۂ قلب نبی علیہ السلام کے لطیفۂ قلب کے بالمقابل ہے۔ اپنی صفاتِ فعلیہ کے فیض کا وہ تجلا جو نبی کریم علیہ السلام کے لطیفۂ قلب سے حضرت آدم علیہ السلام کا لطیفۂ قلب تک تو نے پہنچایا، پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل میرے لطیفۂ قلب تک پہنچا۔

[سالک چاہئے کہ اس مراقبہ کے دوران میں تمام پیرانِ کبار (جو فیض کا زریعہ ہیں) کے قلوب میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا تصورر کھے۔ جو طالب حضرت آدم علیہ السلام کی ولایت

حاصل کر لیتا ہے۔ اس کو اسم ذات (اللہ) سے شرف اور سرور
حاصل ہوتا ہے۔ اور پیرانِ کامل و مکمل کے لطائف سے اس کا
لطیفۂ قلب فیض سے سیراب ہوتا ہے۔ وہ اس لطیفہ کے
کمالات حاصل کرنے کے بعد صاحب لفظ ہو جاتا ہے یعنی وہ جو
کچھ منہ سے نکالتا ہے۔ اللہ تعالیٰ، پیرانِ کبار اور نبی کریم ﷺ
کے وسیلہ اور فضل سے پورا کرتا ہے۔ طالب کے وساوس اور
خطرات شیطانی دفع ہو جاتے ہیں اور اس کا قلب سلیم ہو جاتا
ہے۔ وہ تلوین سے نکل کر تمکین سے فیض یاب ہوتا ہے۔ اور
اس لطیفۂ میں اس کو فناء و بقا حاصل ہوتی ہے۔ طالب جو چاہئے
کہ قلب کی حفاظت کرے۔ اور ماسوا اللہ کو دل سے نکال دے
اور پیر کامل و مکمل سے رابطہ برقرار رکھے۔ ہمیشہ ذکر و فکر
میں رہے اور لطیفۂ قلب کی جگہ پاک و صاف ہو اور اس میں
سے انانیت ختم ہو جائے۔ کیونکہ ظاہری، باطنی، روحانی اور

جسمانی پاکیزگی، قلب کی اصلاح سے ہوتی ہے۔ یہ ولایت کا پہلا درجہ ہے۔ ولایت آدموی والا فقیر ہر وقت توبہ میں مشغول اور ذاتِ باری تعالیٰ سے عجز و انکساری اور معافی کا طلبگار رہتا ہے۔ اور بری عادات کو عمدہ صفات میں بدلنے کی کوشش کرتا ہے۔ ذرا سی غلطی ہو جائے تو فوراً توبہ اور معافی میں مصروف ہو جاتا ہے۔ تمام افعال میں حق کی جانب سے تجلیات اور انوارات نظر آتے ہیں اور جمیع افعال و اعمال میں ذات حق کو وسیلہ حقیقی جانتا ہے۔]

(۱۳) نیت مراقبہ اصلِ روح:

الٰہی روحِ من بمقابل روحِ نبی علیہ السلام است۔ آن فیض تجلائے صفات ثمانیہ، ثبوتیۂ، ذاتیہ، حقیقیہ، خود کہ از روحِ نبی علیہ السلام بروحِ ابراہیم علیہ السلام و نوح علیہ السلام رسانیدہ، بروحِ من نیز برساں بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف روز)

ترجمہ: الٰہی میری روح نبی علیہ السلام کی روح
کے بالمقابل ہے۔ اپنی صفات ثمانیہ، ثبوتیہ، ذاتیہ، حقیقیہ کے
فیض کا وہ تجلا جو تو نے نبی علیہ السلام کے لطیفۂ روح سے
حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا لطیفۂ روح تک
پہنچایا، پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل میرے لطیفۂ
روح تک پہنچا۔

[جو سالک ابراہیمی علیہ السلام و نوحی علیہ السلام ولایت کا حامل
ہوتا ہے وہ لطیفۂ روح کے تمام کمالات اور درجات حاصل کر لیتا
ہے۔ اس کا فقیر اللہ تعالیٰ پر توکل ہوتا ہے۔ اور حالات وواقعات
کا مقابلہ نیز نفس اور شیطان سے جہاد کرتے ہوئے اپنے مقصود
کی کشتی کو کنارے پر لگا دیتا ہے۔ حضرت ابراہیم ﷺ کے
جذبے کے تحت نفس اور شیطان کی فریب کاریوں اور مکاریوں
سے بچ کر ماسوا اللہ سے منہ موڑ کر یادِ خدا میں مشغول رہتا

ہے۔ دشمنان اسلام کی لائی ہوئی آتش اس کے لئے گلزار ابراہیمی علیہ السلام بن جاتی ہے۔ اس مشرب والے توکل اور عشق الٰہی کے ساتھ صفاتِ ثبوتیۃ الٰہیہ کا فیض آیا ہے۔ اور وہ اپنی صفات یعنی سننے دیکھنے بولے اور سوچنے کی صفات میں سبحانہ، تعالیٰ کی صفات دیکھتا ہے۔ اور انسان کی صفات کو اللہ تعالیٰ صفات سے ثابت جانتا ہے۔ اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ میرے صفات کمالیہ کچھ بھی نہیں۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کی صفات کی وجہ سے قائم ودائم ہے۔ یہ ولایت کا دوسرا حصّہ ہے۔]

(۱۴) نیت مراقبہ اصل سِرّ:

الٰہی سِرّ من بمقابل سِرّ نبی علیہ السلام است۔ آں فیض تجلائے شیونات ذاتیہ خود کہ از سِرّ نبی علیہ السلام بی سِرّ موسیٰ علیہ السلام رسانیدہ سِرّ من نیز برساں بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.......... روز)

ترجمہ: الٰہی میر الطیفہ' سِرّ نبی علیہ السلام کے لطیفہ' سِرّ کے بالمقابل ہے۔ اپنی شیونات ذاتیہ کے فیض کا وہ تجلا جو تو نے نبی کریم علیہ السلام کے لطیفہ' سِرّ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لطیفہ' سِرّ تک پہنچایا، پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل میرے لطیفہ' سِرّ تک پہنچا۔

[لطیفہ' سر وہ راز ہے جو روح انسان کا مبداء ہے۔ جس کو عالم لاہوت بھی کہتے ہیں۔ عالم لاہوت سے مراد روح محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ یہ ایک لطیف کیفیت ہے۔ یہاں سالک پر بے شعوری میں ایسے احوال کا وُرود ہوتا ہے جو لطائف قلب و روح کے واضح واقعات سے ممتاز ترین ہوتے ہیں۔ اس کا اندازہ وہی سالک کرسکتا ہے جس پر یہ حالات گزریں ہو۔ اور یہاں سالک کو بسبب عشق الٰہی معرفت حق حاصل ہوتی ہے۔ یہ ولایت کا تیسرا درجہ ہے۔]

(۱۵) نیت مراقبہ اصلِ خفی:

الٰہی خفی من بمقابل خفی نبی علیہ السلام است۔ آن فیض تجلائے صفات سلبیہ، خود کہ از خفی نبی علیہ السلام بہ خفی عیسیٰ علیہ السلام رسانیدہ خفی من نیز برساں بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف روز)

ترجمہ: الٰہی میرا لطیفہ، خفی نبی علیہ السلام کے لطیفہ، خفی کے بالمقابل ہے۔ اپنی صفاتِ سلبیہ، کے فیض کا وہ تجلا جو تو نے نبی علیہ السلام کے لطیفہ، خفی سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لطیفہ، خفی تک پہنچایا، بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے میرے لطیفہ، خفی تک پہنچا۔

[لطیفہ، خفی کی جب تکمیل ہو جاتی ہے تو سالک اس لطیفہ کے ذکر کی وجہ سے قرب کا وہ مقام حاصل کر لیتا ہے جس کی کراماً کاتبین کو بھی خبر نہیں ہوتی۔ روز حشر میں ذکر خفی کا

کرنے والا بہت اعلیٰ مقام پر فائز ہوگا۔ صاحب کمال فقیر اس لطیفہ ولایت کا چوتھا درجہ حاصل کرلیتا ہے۔ عبادت، ریاضت اور مجاہدہ سے کبھی نہیں تھکتا۔ اس مرتبے پر پہنچنے والا فقیر اپنی ذات کی نسبت دوسروں کو فوقیت دیتا ہے۔ خود رنج اٹھا کر دوسروں کی تکلیف دور کرتا ہے۔ اپنے آپ کو عجز وانکساری میں رکھتا ہے۔۔۔ لطیفہ خفی سے مراد نورِ محمدی صلّی اللہ علیہ وسلم ہے۔ جس کو عالم ہاہوت کہتے ہیں۔ سالک پر جب اس لطیفہ کی کیفیات طاری ہوتی ہے تو وہ معائنہ ذات کی بدولت واصل الی اللہ ہوتا ہے۔]

(۱۶) نیت مراقبہ اصل اخفیٰ:

الٰہی اخفائے من بمقابل اخفائے نبی علیہ السلام است۔
آں فیض تجلائے شانِ تجلائے شانِ جامع خود کہ بہ اخفائے نبی علیہ السلام رسانیدہ بہ اخفائے من نیز برساں بواسطۂ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ

علیہم اجمعین۔ (توقف.........روز)

ترجمہ: الٰہی میر الطیفہ اخفیٰ نبی علیہ السلام کے لطیفہ اخفیٰ کے بالمقابل ہے۔ اپنی شان جامع کے فیض کا وہ تجلا جو تو نے نبی علیہ السلام کے اخفیٰ تک پہنچایا، بواسطہ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفہ اخفیٰ تک پہنچا۔

[لطیفہ اخفیٰ ولایت محمد ﷺ کی نعمت عظمیٰ ہے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو یہ نعمت عطا ہو جائے۔ جس طرح حضور رحمۃ العالمین کی ذات بابرکات تمام انبیاء مرسلین سے افضل ہے۔ اسی طرح لطیف لطیفہ اخفیٰ کی ولایت کا فیض بہ ارفع واعلیٰ ہے۔ محمدی ﷺ ولایت والے فقیر کا مقام بہت بلند و بالا ہے۔ اطاعت رسول ﷺ اور اطاعت الٰہی کا مظہر باکمال ہوتا ہے۔ خلق محمدی ﷺ یعنی صدق اور اخلاص اللّٰہیت اس میں بدرجہ اتم پایا جاتا ہے۔ اس ولایت

والے فقیر کا رابطہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ
ذاتی ہوتا ہے۔ شریعت کی پاسبانی اور پاسداری کرتا ہے۔
تجلیات دائمی حاصل ہوتی ہیں۔ اور اگر کمال حاصل کرلے تو
شیخ کامل و مکمل کی توجہ خاص اور محبت خاص کی بدولت مجلسِ
محمدی ﷺ وجودی بھی اس کو حاصل ہوتی ہے۔ غرضیکہ
جمیع کمالات وصفاتِ محمدی ﷺ سے فیض یاب ہوتا ہے۔
ولایت محمدی ﷺ والا فقیر خود بھی باکمال ہوتا ہے۔ اور
دوسروں کو بھی باکمال بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ جب
طالب اس لطیفہ کی سیر کی تکمیل کو پہنچتا ہے تو وہ کچھ دیکھتا ہے۔
عین بعین اور ہو بہو دیکھتا ہے۔ یعنی وہ صاحب حضور ہوتا ہے۔
اور ولایت کے کل مراتب کے حصول کی استعداد رکھتا ہے۔
غلبہ عشق میں نہایت بے اقراری سے عین حضوری اور بے
حضوری میں ھَلْ مِنْ مَذِیْدٌ کا شور مچانے والا ہوتا ہے۔ اور

پلک جھپکنے کی دیر میں اس حال سے گزر کر مقام یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ اور قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی پر پہنچ سکتا ہے۔

ولایت کے اس میدان میں لا الٰہ تک لاکھوں اور ہزاروں پہنچے ہیں الا اللہ تک سینکڑوں جب حقیقت محمدی ﷺ تک کروڑوں میں کوئی ایک پہنچا ہے۔ اس مقام میں کلمہ طیبہ کی حقیقت کی آگاہی ہوتی ہے۔ اور سیر مع اللہ ہوتی ہے۔۔۔۔ لطیفہ اخفیٰ سے مراد بحت (خالص ذات) مرتبہ ہویت ہے۔ اس ذات کی توصیف میں سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ فرمایا گیا ہے۔ اور اَللّٰہُ الصَّمَد بھی۔ اور اسی کو وراء الوراء ثم وراء کہا جاتا ہے۔ اور یہی ذات وصفات و اعتبارات سے مبرا اور قیدی اطلاق سے منزہ ہے۔ یہی وہ ذات قدسی ہے جس کے متعلق خود باری تعالیٰ نے اَلَآ اِنَّهٗ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ارشاد فرمایا ہے۔]

(۱۷) نیت مراقبہ معیّت:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ ہمراہِ من و
ہمراہِ جمیع ممکنات بلکہ ہمراہِ ہر ذرہ از ذرات ممکنات ہمراہئی
بے چوں بمفہوم ایں آیۃ کریمہ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ
بلطائف خمسۂ عالم امر من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم
اجمعین۔ (توقف روز)

ترجمہ: اس ذاتِ حق جو آیۃ کریمہ وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ
مَا كُنْتُمْ کے مفہوم کے مطابق میرے اور تمام ممکنات بلکہ
ذرّاتِ ممکنات میں ہر ذرہ کے ہمراہ ہے، کا فیض پیرانِ
کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطائف خمسہ
عالم امر تک آتا ہے۔

(۱۸) نیت مراقبہ اقربیّت:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ اصل اسماء و صفات است

کہ نزدیک تر است از من بمن و از رگِ گردن من بمن بہ نزدیکی بلا تکلیف بمفہوم ایں آیۃ کریمہ **وَنَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡهِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡدِ** بلطیفہ نفسی من بشرکتِ لطائف خمسہ عالم امر من بواسطہ پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف روز)

ترجمہ: ذاتِ حق، کہ اصل اسم و صفات ہے۔ اور آیۃ کریمہ وَنَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡهِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِیۡدِ کے مطابق بلا تکلیف مجھ سے میری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے، کا فیض پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطائف خمسہ عالم امر مع میرے لطیفہ نفسی میں آتا ہے۔

[یہ مراقبہ آیۃ مذکورہ سے لیا گیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اور میرے لطائف خمسہ عالم امر اس کے مورد فیض ہیں۔ اور فیض کا منشا دائرہ اولیٰ یعنی ولایت کبریٰ ہے۔ اور یہی ولایت، ولایت صغریٰ کی اصل

ہے۔۔۔۔اقربیت کے معنی یہ ہیں کہ ضل کی اصل، ظل کے ساتھ بہ نسبت ظل کے زیادہ نزدیک ہے۔ (یعنی ضل خود اپنے آپ سے اتنا قریب نہیں ہے۔ جتنا کہ اس کی اصل سے قریب ہے۔) اور یہی حال ہے اصل کی اصل کا کہ وہ اپنے ما بعد کی بہ نسبت ضل سے زیادہ قریب ہے۔ اس بات کو یوں سمجھ لیجئے کہ ذاتِ واجب تعالیٰ جل جلالہ ممکن کے ساتھ بہ نسبت شیونات کے، زیادہ قریب ہے۔ اور شیونات کو ممکن کے ساتھ، بہ نسبت صفات کے، زیادہ قریب ہے۔ اور صفات بہ نسبت ظلال صفات کے ممکن سے زیادہ قریب ہے۔ اور ظلال وصفات ممکن کے ساتھ زیادہ قریب ہے۔ یہاں کے حالات بے رنگ بے مزہ ہیں۔ جب نفس کے حالات قوت پکڑ جاتے ہیں تو حالاتِ قلبی فراموش ہو جاتے ہیں۔ اس مراقبہ کے تمام ہونے کی یہی علامت ہے۔]

(۱۹) نیت مراقبہ محبت اول:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ اصل اصلِ اسماء وصفات است کہ دوست می دارد مراد من دوست می دارم اُورا بمفہوم ایں آیۃ کریمہ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ خاص بلطیفہ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.........روز)

ترجمہ: ذاتِ حق، کہ جو اصل اصلِ اسمءصفات ہے اور آیۃ کریمہ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ کے مطابق مجھے دوست رکھتی ہے، اور میں اسے دوست رکھتا ہوں، کا فیض پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے خاص لطیفۂ نفسی میں آتا ہے۔

[اس مراقبہ کا مفہوم آیت مذکورہ سے لیا گیا ہے۔ اور منشاء فیض ولایت کبریٰ کی قوس ہے۔ جو کہ دائرہ نمبر ۳ کی اصل ہے۔ اور لطیفۂ نفسی فیض کا محور ہے۔ یہ تینوں دائرے

اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس میں اعتبارات ہیں جو صفات شیونات
کی مبادی ہوتی ہے۔ اس مقام میں شرح صدر ہوتا ہے۔ جیسا
کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ شان میں فرمایا: **اَلَمْ نَشْرَحْ**
لَكَ صَدْرَكَ۔ اس میں لطیفہ اخفیٰ کے کمالات کی طرف اشارہ
ہے۔ کیونکہ یہ لطیفہ اللہ تعالیٰ کی پاک ذات نے اپنے تمام
شیونات وصفات کے ساتھ لطیفہ اخفیٰ میں ظہور فرمایا
ہے۔۔۔۔ یہاں مقام صبر وشکر اور رضا حاصل ہوتا ہے۔ اور
احکام شرع قبول کرنے میں دلیل کی حاجت نہیں رہتی۔ اس
مقام کے معارف کتاب وسنت ہیں۔]

(۲۰) نیت مراقبہ محبت دوم:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ اصل اصل اصلِ اسماء
وصفات است کہ دوست می دارد مرا و من دوست می دارم اُورا
بمفہوم ایں آیۃ کریمہ **یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ** خاص بلطیفہ نفسی من

بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔(توقف.........روز)

ترجمہ: ذاتِ حق، کہ جو اصل اصل اصلِ اسم ءوصفات

ہے اور آیۂ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ کے مطابق مجھے دوست

رکھتی ہے، اور میں اسے دوست رکھتا ہوں، کا فیض پیرانِ کبار

رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے خاص لطیفۂ نفسی

میں آتا ہے۔

[اس مراقبہ کا مفہوم بھی آیت مذکورہ سے لیا گیا ہے۔]

(۲۱) نیت مراقبہ دائرۂ قوسی:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ اصل اصل اصلِ

اسماء وصفات است و دائرہ قوسیت کہ دوست می دارد مرا و من

دوست میدارم اُورا بمفہوم ایں آیۂ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ

خاص بلطیفہ نفسی من بواسطۂ پیران کبار رحمۃ اللہ علیہم

اجمعین۔(توقف..........روز)

ترجمہ: ذاتِ حق، کہ جو اصل اصل اصلِ اسمءِ وصفات ہے اور دائرہ قوسی ہے اور اس آیۃ کریمہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ کے مطابق مجھے دوست رکھتی ہے، اور میں اسے دوست رکھتا ہوں، کا فیض پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل خاص طور پر میرے لطیفہ نفسی میں آتا ہے۔

[اس مراقبہ کا مفہوم بھی آیت مذکورہ سے لیا گیا ہے۔]

(۲۲) نیت مراقبہ اسم ظاہر:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ مسمّٰی باسمِ ظاہر است بمفہوم ایں آیۃ کریمہ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ خاص بلطیفہ نفسی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.........روز)

ذاتِ حق، جو کہ اسم ظاہر سے موسوم ہے۔ اس آیۃ کریمہ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ

شَیءٍ عَلِیمٌ کے مطابق، فیض پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل خاص طور پر میرے لطیفۂ نفسی میں آتا ہے۔

[اگرچہ ولایت کبریٰ سے تزکیۂ نفس حاصل ہو جاتا ہے اور تمام برائیوں اور خصائص رذیلہ، نیکیوں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ لیکن فخر و غرور اور رعونت ابھی باقی ہوتی ہے۔ ان کو یہ مراقبہ ختم کر دیتا ہے۔ اور سالک میں سیر آفاقی کی تکمیل کر دیتا ہے۔]

(۲۳) نیت مراقبہ اسم باطن:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ مسمّٰی باسمِ باطن است کہ منشاء ولایت علیا است کہ ولایت ملاالاعلیٰ است بمفہوم ایں آیۂ کریمہ **هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیءٍ عَلِيمٌ** بعناصر ثلاثۂ من کہ آب و باد و نار است۔ بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف........ روز)

ترجمہ: ذاتِ حق، جوکہ اسم باطن سے موسوم ہے۔اور منشاء ولایت علیا ہے جوکہ ولایت ملاء الاعلیٰ ہے۔اس آیتہً کریمہ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّا هِرُوَالبَاطِنِ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ کے مفہوم کے موافق، کافیض پیرانِ کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے عناصر ثلاثہ یعنی آب و باد و نار میں فیض آتا ہے۔

[ولایت کبریٰ اوراس میں باطن کی سیر شروع ہوتی ہے۔اس کو ولایت علیا اور ولایت ملائکہ علیہم السلام بھی کہتے ہیں۔اس مقام میں سوائے عنصر خاک کے باقی عناصر یعنی پانی، ہوااور آگ مورو فیض ہوکر تکمیل پاتے ہیں۔جاننا چاہیئے کہ ولایت صغریٰ اور ولایت کبریٰ کی اسم الظاھر میں تھی جبکہ ولایت وعلیا کی سیر اسم الباطن میں ہے۔ان میں فرق یہ ہے کہ سیر اسم الباطن میں ہے۔ان میں فرق یہ ہے کہ سیر اسم الظاھر میں تجلیات اسمائی وصفاتی ہیں۔جبکہ سیر اسم

الباطن میں اگرچہ تجلیات اسماء وصفات ہیں لیکن ان کے
ساتھ تجلی ذات بھی پردہ ہائے اسماء وصفات مستور ہوتی ہے۔
اس مقام میں جب سالک کے اجزاء جسم پاک وصاف
ہوجاتے ہیں، ثلاثہ کے رذائل، صفات حمیدہ میں بدل کر منور
ہوجاتے ہیں تو سالک کو پرواز کے دو پر عنایت ہوتے ہیں۔

اس اسم **الظاھر** کا جو جو ولایت کبریٰ کی انتہا ہے اور دوسرا
اسم **الباطن** کا جو ولایت علیا کی انتہا ہے۔ سالک کو اس مرتبہ
میں تجلیات اسم وصفاتِ الٰہی سے گزر کر تجلیات ذات اقدس
(جو حقیقی مقصود ہے) کی سیر کے قابل ہوجاتا ہے۔ اس مقام
میں ذکر، تہلیل، نوافل، قیام اور قرات کی طوالت سے ترقی
بخش ہوتے ہیں۔ اور رخصت شرعی کا اختیار کرنا بھی غیر
مستحسن ہے۔ چونکہ یہ ولایت ملائکہ کی ہے لہٰذا ملکیت کے
ساتھ جس قدر زیادہ مناسبت ہوگی، اتنی جلد ترقی میسر ہوگی۔

اس ولایت سے سالک کے تمام بدن میں وسعت وفراخی پیدا ہو جاتی ہے۔اور لطیف احوال سارے جسم پر وارد ہوتے ہیں۔ خصائل رذیلہ کو دفع کرنا اور خالق عناصر کی طرف متوجہ رہ کر فیض کرنا اس مراقبہ کا ماحصل ہے۔]

(۲۴) نیت مراقبہ اسم باطن:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ منشاء کمالاتِ نبوت است کہ بہ عنصر خاک من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف......... روز)

ترجمہ: ذاتِ بے چوں کہ منشاء کمالات نبوت ہے، کا فیض پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے عنصر خاک میں آتا ہے۔

[یہ مراقبہ سیر اسم الباط کا نقطہ عروج ہے۔اور تجلی دائمی کا درجہ اول ہے۔سالک اسماء صفات سے گزر کر ذات

میں سیر کرتا ہے۔ کمالات نبوت کا عناصر خاک پر اثر ہوتا ہے۔ یہاں حضوری بے جہت حاصل ہوتی ہے۔ نگرانی، برقراری، بے تابی اور شوق سب رخصت ہو جاتے ہیں۔ یقین کامل راسخ ہو جاتا ہے۔ یہاں وصول ہے، حصول نہیں۔ خوب یاد رہے کہ یہ مقام۔ مقام انبیاء ہے۔ انبیاء کی اتباع کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا۔]

(۲۵) نیت مراقبہ کمالاتِ رسالت:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ منشاء کمالاتِ رسالت است بہ ہیئت وحدانی من بواسطۂ پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ (توقف.......... روز)

ترجمہ: ذاتِ حق کہ جو منشاء کمالات رسالت ہے، کا فیض پیرانِ کبار رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل میری ہیئت وحدانی میں آتا ہے۔

[یہ مقام انبیاء اور مرسلین کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور
تجلی دائمہ کا درجہ دوم ہے۔ اس مقام پر سالک کے لطائف عشرہ
تصفیۂ نفس کے بعد مقامات فوقانی میں ایک نئی ہیٔت حاصل
